بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

پریس ریلیز نمبر 720 ACE(I)

مورخہ 27/10/26

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2026 انشاءاللہ مورخہ 03-11-2026 سے شروع ہو رہا ہے۔ پبلک سیکٹر/بورڈ ہذا سے الحاق شدہ جملہ ادارہ جات اپنے ادارہ کے "User Name" اور "Password" کے ذریعے بورڈ کی ویب سائٹ www.bisesargodha.edu.pk سے رولنمبر سلپس ڈاون لوڈ کریں گے۔ پرائیویٹ امیدواران بھی بورڈ کی ویب سائٹ سے اپنا "ب فارم" دے کر رولنمبر سلپ ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں کسی بھی پریشانی کی صورت میں بورڈ کے امتحانی سنٹرز سے بھی رولنمبر سلپ (Download) کروائی جا سکتی ہے۔

پرائیویٹ اُمیدواران جن کی اہلیت نامکمل ہے اُن کو اعتراض ختم کرانے کے یاد دہانی مراسلہ جات جاری کر دیے گئے ہیں ایسے امیدواران کو ان کے اپنے مفاد میں ہدایت کی جاتی ہے کہ فی الفور اعتراضات دُور کروا کر اپنی رولنمبر سلپس بورڈ سے حاصل کر لیں۔ دفتر کا اعتراض ختم نہ ہونے کی صورت میں رولنمبر سلپس جاری نہیں کی جائیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ امیدوار پر عائد ہوگی۔ تاہم دیگر امیدواران جن کو امتحان شروع ہونے سے دو دن پہلے تک رولنمبر سلپس حاصل نہ کر سکے ہوں، وہ بالمشافہ یا بذریعہ ٹیلی فون نمبر 048-3250066 اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (انٹر) بورڈ ہذا سے رابطہ کر کے بلا معاوضہ رولنمبر سلپ حاصل کر سکتے ہیں۔

امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2026 کے امتحان میں شرکت کرنے والے جملہ امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ:

1۔ اٹھارہ سال سے زائد عمر کے تمام امیدواران رولنمبر سلپ کے ہمراہ اپنا شناختی کارڈ اور دو عدد مصدقہ تصاویر بھی امتحانی سنٹر میں ساتھ لائیں گے۔

2۔ امیدواران امتحان شروع ہونے سے آدھا گھنٹہ قبل امتحانی سنٹر پر حاضر ہوں گے۔ لیٹ آنے والے امیدواران کو امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔

3۔ معروضہ سوالیہ پرچہ امیدواران کو آخر پر واپس نہیں دیا جائے گا۔ امیدوار پرچہ حل کرنے کے بعد معروضی پرچہ سپرنٹنڈنٹ کو واپس جمع کروائیں گے۔ جو کہ بعد ازاں بورڈ کی ویب سائٹ پر (Display) کر دیا جائے گا۔

4۔ تمام امیدواران اپنی پریکٹیکل نوٹ بکس اپنے ہاتھ سے تیار کریں گے ورنہ پریکٹیکل نوٹ بک کے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔ تمام ادارہ جات پابند ہیں کہ وہ اپنے ادارہ کے امیدواران کو پریکٹیکل کی مشق کروائیں۔ اس سال پریکٹیکل کے امتحان کے دوران سخت مانیٹرنگ کی جائے گی اور اگر کوئی امیدوار نقل کرتے پکڑا گیا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ UMC درج کیا جائے گا۔

5۔ امتحانی سنٹر میں نقل کرنا/ کسی دوسرے امیدوار کی جگہ امتحان دینا/ موبائل فون/ سمارٹ واچ لانا اور امتحانی پرچہ لیک کرنا سنگین جرم ہیں کسی غفلت کے ارتکاب کی صورت میں حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

نوٹ: امیدوار بالمشافہ رابطہ کی صورت میں داخلہ فارم جمع کروانے کی اصل رسید/ اعتراضی لیٹر ضرور ہمراہ لائے۔

(دستخط)
کنٹرولر امتحانات

1۔ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر (ایجوکیشن) بھکر، خوشاب، میانوالی، سرگودھا۔
2۔ جملہ سیکرٹریز تعلیمی بورڈ پنجاب (بشمول میر پور آزاد و جموں کشمیر)
3۔ سرگودھا بورڈ کی حدود میں واقع جملہ تسلیم شدہ کالز/ ہائیر سیکنڈری اور سیکنڈری سکولوں کے سربراہان۔
4۔ صدر پریس کلب، بھکر، خوشاب، میانوالی، سرگودھا (10 کاپیاں) برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات۔
5۔ صدر ایڈیٹر کونسل، سرگودھا (10 کاپیاں) برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات۔
6۔ انچارج ریڈیو پاکستان سرگودھا، میانوالی (اس درخواست کے ساتھ کہ اسے بطور نیوز آئیٹم نشر کیا جائے)۔
7۔ پی۔ ایس۔ ٹو چیئرپرسن 8۔ پی۔ اے۔ ٹو سیکرٹری 9۔ پی۔ اے۔ ٹو کنٹرولر امتحانات
10۔ ویب ڈویلپر/ ویب مینیجر برائے ویب سائٹ۔ 11۔ جملہ برانچ افسران، بورڈ ہذا

(دستخط)
اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (انٹر)
برائے کنٹرولر

CS Scanned with CamScanner